سوال

(221) عورت کا نماز میں جوڑا باندھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت نماز میں جوڑا باندھ سکتی ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

منتقٰی میں ابی رافع سے حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منع کیا ہے کہ کوئی شخص جوڑا باندھ کر نماز پڑھے۔ ابوداؤد میں ہے کہ ابورافع نے حسن بن علی کو لٹیں باندھے دیکھا تو ابورافع نے لٹیں کھول دیں اور کہا کہ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ یہ شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ہے یہ حکم اگرچہ مردوں کو ہے مگر اس میں عورتیں بھی شامل ہیں لہٰذا عورت کو جوڑا باندھ کر نماز پڑھنی منع ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

ستر کا بیان، ج1ص307

محدث فتویٰ